08-11-2025

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں                    شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش کے شہر وارانسی میں 4 نئی وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دو ملکوں، انگولا اور بوتسوانا کے دورے پر روانہ ہوں گی۔

3- NDAاور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ رہنماؤں نے بہار میں ووٹروں تک پہنچنے کی اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ یہاں اسمبلی چناؤ کے دوسرے مرحلے کی مہم کے لیے اب محض دو دن باقی رہ گئے ہیں۔

4- بھارت کی، ایئر پورٹ اتھارٹی نے کچھ خرابیوں کے سبب بہت سی پروازوں میں تاخیر ہونے کے بعد یہ تکنیکی خرابیاں دور کر دی ہیں۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری، پانچ میچوں کی T-20 سیریز کا آخری میچ آج دوپہر برسبین کے شہر Gabba میں کھیلا جائے گا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. PM Varanasi Visit

وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش کے شہر وارانسی میں 4 نئی وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ یہ ریل گاڑیاں بنارس-کھجوراہو، لکھنؤ-سہارنپور، فیروزپور-دلّی اور اِرناکولم-بنگلورو راستوں پر چلیں گی۔ اِن ریل گاڑیوں سے سفر کے وقت میں کمی آئے گی، خطّے میں آمدورفت میں اضافہ ہوگا، سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور ملک بھر میں اقتصادی سرگرمیوں میں مدد ملے گی۔

ریلویز کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو اور وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ بھی اس موقعے پر موجود ہوں گے۔

وزیر اعظم کل شام وارانسی پہنچے تھے، جو اُن کا پارلیمانی حلقہ ہے۔ جناب مودی کے وارانسی پہنچنے پر شہر کے لوگوں اور پارٹی کارکنوں میں اُن کا پُر جوش خیرمقدم کیا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Prem Chandra Gupta

بنارس کھجوراہو وندے بھارت ٹرین، وارانسی، پریاگ راج، چترکُوٹ اور کھجوراہو جیسے مشہور مذہبی اور ثقافتی مقامات کا، ایک دوسرے سے رابطہ قائم کرے گی۔ اِس سے سفر کے وقت میں دو گھنٹے 40 منٹ کی کمی آجائے گی۔ لکھنؤ-سہارنپور، وندے بھارت ٹرین، وسطی اور مغربی اترپردیش کے درمیان چلے گی۔ فیروزپور-دلّی اس راستے پر سب سے تیز رفتار ٹرین ہوگی، جبکہ اِرناکولم-بنگلورو وندے بھارت ٹرین، بڑے IT اور تجارتی مرکزوں کو مربوط کرے گی۔

وارانسی سے پریم چندر گپتا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

Prez.Africa Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے انگولا اور بوتسوانا کا سرکاری دورہ کریں گی۔ کسی بھارتی سربراہ مملکت کا، اِن دو ملکوں کا یہ پہلا دورہ ہے۔ صدر مرمو کا یہ دورہ 8 سے 13 تاریخ تک رہے گا، جس کے دوران وہ اِن افریقی ملکوں کے اپنی ہم منصب شخصیتوں سے دوطرفہ مذاکرات کریں گی، پارلیمنٹس سے خطاب کریں گی اور وہاں آباد بھارتی برادری سے بات چیت کریں گی۔ وہ 11 نومبر کو انگولا کی آزادی کے 50 سال پورے ہونے کے موقعے پر اس سے متعلق تقریب میں شرکت کریں گی۔

امید ہے کہ اس دورے میں بہت سی دیگر شخصیتیں بھی بھارتی صدر سے ملاقات کریں گی۔ اس دورے میں موجودہ دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا جائے گا اور نئے میدانوں میں اشتراک کے موقعے تلاش کرنے پر توجہ دی جائے گی۔

بات چیت میں تجارتی تنوع، دفاع، صحت، بنیادی ڈھانچہ اور عوام سے عوام کے درمیان رشتوں جیسے شعبوں کو ترجیح دی جائے گی۔ بوتسوانا کے ساتھ بات چیت میں "پروجیکٹ چیتا" بھی ایک اہم موضوع رہے گا۔

صدر دروپدی مرمو کے انگولا اور بوتسوانا کے اس سرکاری دورے سے اس بات کی اہمیت اُجاگر ہوتی ہے کہ بھارت افریقہ کے ساتھ اپنی سرگرمیوں میں گہرائی پیدا کرنا اور عالمی جنوب کے ساتھ اپنی شراکت داری کو مستحکم کرنا چاہتا ہے۔

صدر جمہوریہ کے دورے کی تفصیلات بتانے والے ہمارے نمائندے کی ایک رپورٹ

V/C - Manish Shiva Zole

افریقہ کے ساتھ بھارت کی سرگرمیوں میں، حالیہ دنوں میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ یہ شراکت داری افریقہ کی ترقی کے خاکے کے مطابق ہے۔

جب 2018 میں وزیر اعظم نریندر مودی نے یوگانڈا کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا تھا، تو انہوں نے اس خطّے میں بھارتی سفارت کے، اشتراک پر مبنی نظریے پر زور دیا تھا۔

S/B - PM Byte https://youtu.be/Gj80atyUAA4?

حالیہ برسوں میں 17 نئے مشنوں کا آغاز ہوا ہے اور تقریباً 100 ارب ڈالر کی تجارت ہوئی ہے، جبکہ اس شراکت داری میں لگاتار تیزی بھی آ رہی ہے۔ 30 لاکھ کی آبادی والی بھارتی برادری کے، خطّے کے ساتھ ثقافتی اور اقتصادی رابطے ہیں۔

افریقی یونین کو G20 میں شامل کیے جانے سے اس براعظم کے ساتھ سرگرم رہنے کی جانب، بھارت کی ترجیحات کا اظہار ہوتا ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کا، انگولا اور بوتسوانا کا یہ دورہ، اِنہیں سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

منیش شیو زولے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

## Bihar Campaining

بہار میں، NDAاور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ رہنماؤں نے، ووٹروں تک پہنچنے کی اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں، کیونکہ اسمبلی انتخابات کے دوسرے اور آخری مرحلے کی مہم کل شام ختم ہو جائے گی۔

NDAاور مہا گٹھ بندھن نیز دیگر سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنماء اور ممتاز شخصیتیں، ووٹروں کو لبھانے کے لیے پوری ریاست میں انتخابی ریلیوں اور عوامی جلسوں کا انعقاد کر رہی ہیں۔

اس مرحلے کے تحت 20 ضلعوں کے 122 حلقوں میں منگل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dharmendra

BJPکی ممتاز شخصیت، وزیر اعظم نریندر مودی آج سیتامڑھی اور بیتیا میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ BJP کے سینئر رہنماء راجناتھ سنگھ بھی روہتاس اور کائمور ضلعوں میں 3 الگ-الگ عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اسی طرح سینئر BJP رہنماء مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ بھی کٹیہار میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ، مشرقی چمپارن اور گیا جی میں بہت سی انتخابی ریلیوں میں شرکت کریں گے۔ NDA امیدواروں کی حمایت میں مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ موہن یادو، بانکا، موتیہاری اور گیا جی میں مختلف عوامی جلسوں میں شرکت کریں گے۔

مہا گٹھ بندھن کی سینئر کانگریس رہنماء پرینکا گاندھی، اپنی اتحادی پارٹیوں کی حمایت میں، کٹیہار میں دو انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گی۔

اسی دوران مہا گٹھ بندھن سے وابستہ وزیر اعلی کے عہدے کے امیدوار تیجسوی پرساد یادو، جموئی، نوادہ، گیا اور جہان آباد میں آج 18 عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اس کے علاوہ جَن سُراج پارٹی، راشٹریہ لوک جَن شکتی پارٹی اور بہوجن سماج پارٹی جیسی دیگر پارٹیوں کے سینئر رہنماء آج ریاست بھر میں بہت سے روڈ شو اور انتخابی ریلیوں میں شرکت کریں گے۔

پٹنہ سے دھرمیندر رائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...........

ریاست میں اسمبلی چناؤ کے پہلے مرحلے میں منگل کو 64 اعشاریہ چھ-چھ فیصد ووٹ ڈالے گئے تھے، جو ایک ریکارڈ ہے۔ ووٹوں کی گنتی 14 نومبر کو کرائی جائے گی۔×

GST Real State

ملک بھر میں GST بچت اُتسو جاری ہے۔ GST کی شرحوں میں کمی کے ساتھ اس کا آغاز 22 ستمبر کو ہوا تھا۔ ہمارے نامہ نگار نے آج ریئل اسٹیٹ کے شعبے میں نئی GST شرحوں سے شہریوں کو ہونے والے فوائد پر ایک رپورٹ پیش کی ہے۔

VC Priya

اگلے دور کی GST اصلاحات کے تحت حکومت نے مکانات اور تعمیراتی شعبے سے متعلق سازوسامان اور خدمات کے ٹیکس میں کٹوتی کرکے شہریوں کو نمایاں راحت فراہم کی ہے۔

سیمنٹ پر ٹیکس شرحوں کو 28 فیصد سے کم کرکے 18 فیصد کردیا گیا ہے۔ اِس فیصلے سے تعمیر کی لاگت میں کمی واقع ہوئی ہے اور مکان خریدنے والوں اور مکان تعمیر کرنے والوں، دونوں پر سے مالی بوجھ کم ہوا ہے۔ اِس کے علاوہ سنگِ مرمر اور گرینائٹ پر ٹیکس کو 12 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کردیا گیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی اینٹوں پر ٹیکس کو بھی 12 فیصد سے گھٹاکر 5 فیصد کردیا گیا ہے۔ ٹیکس میں کمی سے MSMEs مزید مستحکم ہوں گی اور تعمیراتی شعبے کو فروغ حاصل ہوگا۔

آکاشوانی سے پریہ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Civil Aviation Delhi Airport

شہری ہوابازی کی وزارت کے مطابق ایئر پورٹ اتھارٹی آف انڈیا نے دلی کے اندرا گاندھی بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر آٹو میٹک Message سوئچنگ نظام AMSS میں تکنیکی مسئلے کو دور کردیا ہے، جس کے سبب پروازوں کے پلان Messages کے عمل میں تاخیر پیدا ہو رہی تھی۔ اب AMSS نظام درست ہوگیا ہے۔ اور اس میں کام کاج کا عمل شروع ہوگیا ہے۔ ہوائی اڈّے پر متعدد گھریلو اور بین الاقوامی پروازوں میں اس میں تکنیکی خرابی کی وجہ سے تاخیر پیش آ رہی تھی۔

شہری ہوابازی کی وزارت نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ نظام میں روکاوٹ کے سبب خودکار Operationsکے حسبِ معمول کام کرنے میں معمولی تاخیر پیش آسکتی ہے، لیکن ساتھ ہی اس نے یقین دلایا کہ پروازوں کی تاخیر کی صورتحال جلد ہی نارمل ہوجائے گی۔

وزارت نے مزید کہا کہ IP پر مبنی AMSS نظام میں خرابی کا کل ہی پتہ لگا لیا گیا تھا اور شہری ہوابازی کے سیکریٹری نے فوراً ہی ایئرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے چیئرمین اور دیگر عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی اور خرابی کو جلد از جلد دور کرنے کیلئے ضروری ہدایات دیں۔

وزارت نے اس معاملے کے سبب مسافروں اور ایئرلائنز کو ہوئی دقت کے لیے معذرت کا اظہار کیا ہے-x

Vande Mataram

ملک اپنے قومی گیت وندے ماترم کے 150 برس مکمل ہونے کا جشن منا رہا ہے۔ وہ گیت جس نے بھارتیوں کی نسلوں کو متحد ہونے، بیدار ہونے اور حب الوطنی کے جذبے کی تحریک دی ہے۔ وندے ماترم کے لافانی الفاظ کے پیچھے کارفرما شخصیت کے بارے میں پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

V/C Shivang

قومی گیت وندے ماترم بھارت کی ایک اعلیٰ کی ادبی شخصیت اور جدید بھارتیہ ادب کے علمبردار جناب بنکم چندر چٹرجی کا تحریر کردہ ہے۔ بنگال خطے میں 1838 میں پیدا ہوئے بنکم چندر نے ایک اصلاح کار کے ویژن اور قلم کی طاقت و تصور کو یکجا کیا۔

بھارتی ادب کے ایک نئے دور کا آغاز کرتے ہوئے انھوں نے 1865 میں اپنا پہلا بنگالی ناول درگیش آنندنی تحریر کیا۔ حب الوطنی کا یہ گیت وندے ماترم اُن کے ایک معروف ناول آنند مٹھ کا حصہ ہے۔ یہ گیت مادرِ وطن کو طاقت، خوشحالی اور روحانیت کے پیکر کے طور پر پیش کرتا ہے۔

یہ گیت بھارت کو متحد ہونے اور خودداری کے جذبے کو بیدار کرنے کی ایک پکار ہے۔

شوانگ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں........

Buddha Relics Thimpu

نئی دلی کے نیشنل میوزیم میں موجود بھگوان بدھ کے مقدس باقیات کو آج بھوٹان لے کر جایا جائے گا جہاں انھیں 11 روز تک عام درشن کے لیے رکھا جائے گا۔

سماجی انصاف اور تفویضِ اختیارات کے وزیر ڈاکٹر ویریندر کمار وفد کی قیادت کریں گے۔ ثقافت کی وزارت کے مطابق یہ درشن، تھمپو میں عالمی امن دعائیہ تقریب کا ایک حصہ ہے-x

India EU FTA Negotiations

یوروپی یونین EU کے سینئر مذاکراتکاروں کی ایک ٹیم نے بھارت کا دورہ کیا۔ اِس دورے کا مقصد، مجوزہ بھارت EU-یوروپی یونین آزاد تجارتی سمجھوتے پر بھارتی فریقوں کے ساتھ بات چیت کرنا تھا۔ ایک ہفتہ طویل یہ مذاکرات اس مہینے کی 3 تاریخ کو شروع ہوئے تھے، جو کل ختم ہوئے ہیں۔

تجارت اور صنعت کی وزارت نے بتایا کہ اس دوران ایک جامع، متوازن اور باہمی مفاد کے تجارتی سمجھوتے پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اِن مذاکرات میں کئی شعبوں پر بات چیت کی گئی، جس میں اشیاء، خدمات، سرمایہ کاری، تجارت، پائیدار ترقی، خطّے کے ضابطوں اور تجارت میں تکنیکی رکاوٹیں شامل ہیں-x

## India - COP 30

برازیل میں، بھارت کے سفیر دنیش بھاٹیہ نے آب و ہوا کے تئیں بھارت کے عزم کو دوہرایا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ ملک ایک پُر امید سب کی شمولیت والا، شفاف اور مساویانہ استحکام لانے کے مقصد سے، سبھی ملکوں کے ساتھ کام کرنے کے لیے تیار ہے۔

برازیل میں، Belemکے مقام پر اقوام متحدہ کی، آب و ہوا سے متعلق کانفرنس COP 30 سے اظہار خیال کرتے ہوئے، جناب بھاٹیہ نے خاص طور پر کہا کہ پچھلی دہائی میں بھارت اپنی ترقی کی مہم کو، کم کاربن والے راستے پر لے جانے کے لیے لگاتار کام کرتا رہا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارت نے مقررہ وقت سے پہلے ہی آب و ہوا کے اپنے مقاصد پورے کر لیے ہیں۔ x

## Rev. US Aviation Cut

امریکہ میں جاری حکومت کے Shut down کے سبب ملک کے ہوائی سفرکے نظام پر بوجھ میں اضافہ ہونے کے نتیجے میں پورے امریکہ میں سینکڑوں پروازوں کو منسوخ کردیا گیا ہے۔ ہوابازی سے متعلق تجزیاتی کمپنی Cirium کے مطابق کل تک 780 پروازوں کو منسوخ کیا گیا تھا جو مجموعی 25 ہزار یومیہ پروازوں کا 3 فیصد ہے۔ آئندہ دنوں میں مزید پروازوں کی منسوخی کا امکان ہے کیونکہ متعدد فضائی نقل و حمل کے کنٹرولز و عملہ بغیر اجرت کے کام کر رہے ہیں اور دوسری نوکریوں کا رخ کرنے کے بارے میں سوچ رہے ہیں۔

امریکی ٹرانسپورٹ محکمے کے سیکریٹری Sean Duffy نے خبردار کیا ہے کہ اگر Shut downجاری رہا تو پروازوں کی منسوخی کی تعداد 20 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔x

## India Jamaica Cuba

جمائیکا اور کیوبا نے، بھارت کا شکریہ ادا کیا ہے کہ اُس نے کیریبیائی ملکوں میں طوفان میلیسا کے بعد کے حالات میں، اُن کا ساتھ دیا۔ اِس طوفان سے بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی اور بہت سے لوگوں کی جانیں گئیں۔

بھارت نے، طوفان میلیسا کے بعد بحالی کی کوششوں میں تیزی لانے کے لیے دو ملکوں کی مدد کے مقصد سے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر راحت کا سامان بھیجا ہے۔

دونوں ملکوں کے رہنماؤں اور وزراء خارجہ نے بھارت اور طبّی مدد، آلات اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر اشیاء کی فراہمی کا ذکر کیا۔ انہوں نے اسے ایک بروقت اور گہری اقدار سے وابستہ مدد قرار دیا۔x

## IMD Weather

بھارت کے محکمہئ موسمیات نے شمال مغرب کے میدانی علاقوں اور اس سے متصل وسطی بھارت میں اگلے ہفتے تک درجہئ حرارت، معمول سے نیچے، دو سے پانچ ڈگری سیلسئس تک

برقرار رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ IMD نے اگلے دو سے تین دن کے دوران تمل ناڈو اور کیرالہ میں دور دراز مقامات پر شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ پڈوچیری اور کرائکل میں بھی آج اسی طرح کی صورتحال کا امکان ہے۔ محکمے نے اگلے دو دن کے دوران اِن علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کا قوی امکان ظاہر کیا ہے۔×

Mens Cricket T20

مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری پانچ میچوں کی ٹی‌ٹوئنٹی سیریز کا آخری میچ آج Brisbane کے Gabba شہر میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر پونے دو بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم نے جمعرات کے روز Queenslandمیں، Carrara Ovalکے مقام پر کھیلے گئے چوتھے میچ میں آسٹریلیا کو 48 رن سے ہرایا تھا۔ اس جیت کے ساتھ بھارتی ٹیم نے سیریز میں دو- ایک سے سبقت حاصل کرلی تھی۔x

ICC Olympic Games T20

بین الاقومی کرکٹ کونسل ICC نے کہا ہے کہ 2028 میں لاس اینجلس میں ہونے والے اولمپک کھیلوں میں، مردوں اور خواتین کے T-20 کرکٹ مقابلے بھی ہوں گے، جس میں دونوں ہی زمرے سے چھ-چھ ٹیمیں اس میں حصہ لیں گی۔ مقررہ پروگرام کے مطابق دونوں زمروں کے 28 میچز ہوں گے۔ اس اضافے سے عالمی سطح پر اسپورٹس کی توسیع میں ایک تاریخ رقم ہوگی اور ایک دہائی سے زیادہ مدّت کے بعد اولمپک میں کرکٹ کی پھر سے واپسی ہوگی۔×

PM Conference Legal Aid

وزیراعظم جناب نریندر مودی آج شام نئی دلی میں بھارتیہ سپریم کورٹ میں قانونی مدد کی فراہمی کے طریقۂ کار کو مستحکم کرنے سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ وزیراعظم قانونی خدمات کی قومی اتھارٹی (NALSA) کے ذریعے تیار کردہ کمیونٹی ثالثی تربیتی ماڈیول کا بھی آغاز کریں گے۔ وہ اس موقع پر موجود شرکاء سے خطاب بھی کریں گے۔ دو روزہ کانفرنس میں قانونی خدمات کے فریم ورک کے کلیدی پہلوؤں پر غوروخوض کیا جائے گا۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENT

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -شبانہ

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے زیادہ تر اخبارات نے وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے کے موقع پر ملک بھر میں حب الوطنی اور اتحاد کا جشن منائے جانے کی خبر کو شہ سرخی

بنایا ہے۔ دلی میں منعقدہ ایک تقریب میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ وندے ماترم کو توڑنے والی تفرقہ انگیز سوچ اب بھی ملک کیلئے ایک چیلنج ہے۔

دلی کے اندرا گاندھی ہوائی اڈے اور بعد میں ملک کے دیگر ہوائی اڈوں پر ٹریفک کنٹرول سسٹم ATCمیں تکنیکی خرابی آجانے کے سبب ہوائی جہازوں کی آمدروفت میں شدید رخنہ پڑا۔ اس خبر کو روزنامہ پرتاپ اور ملاپ نے اولیت دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ نے بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان آزاد تجارتی سمجھوتے FTAمذاکرات کا چوتھا دور مکمل ہونے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ تجارت و صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے دونوں ممالک کے درمیان اسے جلد حتمی مرحلے تک پہنچنے کی امید ظاہرکی۔

بہار میں دوسرے مرحلے کی ووٹنگ سے پہلے انتخابی مہم میں شدت مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنماؤں نے ریلیوں میں شرکت کی اس خبر پر روزنامہ انقلاب نے توجہ دی ہے۔

جبکہ روزنامہ پرتاپ نے دلی کی غالب اکیڈمی میں 9 نومبر کو عالمی یوم اردو منائے جانے سے متعلق خبر کو پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی آج اترپردیش کے شہر وارانسی میں 4 نئی وندے بھارت ایکسپریس ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دو ملکوں، انگولا اور بوتسوانا کے دورے پر روانہ ہوں گی۔

3- NDAاور مہا گٹھ بندھن کے سرکردہ رہنماؤں نے بہار میں ووٹروں تک پہنچنے کی اپنی سرگرمیاں تیز کر دی ہیں۔ یہاں اسمبلی چناؤ کے دوسرے مرحلے کی مہم کے لیے اب محض دو دن باقی رہ گئے ہیں۔

4- بھارت کی، ایئر پورٹ اتھارٹی نے کچھ خرابیوں کے سبب بہت سی پروازوں میں تاخیر ہونے کے بعد یہ تکنیکی خرابیاں دور کر دی ہیں۔

5- اور مردوں کے کرکٹ میں، بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان جاری، پانچ میچوں کی T-20 سیریز کا آخری میچ آج دوپہر برسبین کے شہر Gabba میں کھیلا جائے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---